گھریلو اور عائلی تشدّد کو آسٹریلیا میں ہرگز برداشت نہیں کیا جاتا۔

کیا آپ کا ازدواجی ساتھی یا کوئی رشتہ دار:

- ☐ آپ یا آپ کے بچوں کو خوفزدہ کرتا ہے؟
- ☐ آپ یا آپ کے بچوں کو مارتا ہے یا تکلیف دیتا ہے؟
- ☐ آپ کی مرضی کے بغیر آپ سے سیکس کی توقع کرتا ہے؟
- ☐ چیختا چلّاتا ہے، چیزیں پھینکتا ہے یا چیزیں توڑتا ہے؟
- ☐ آپ کی بے عزتی کرتا ہے یا آپ کو احساس دلاتا ہے کہ آپ کی کوئی اہمیت نہیں؟
- ☐ آپ کو پیسے نہیں کمانے دیتا یا اپنے پاس نہیں رکھنے دیتا؟
- ☐ آپ کو مختلف جگہوں پر جانے یا لوگوں سے ملنے سے روکتا ہے؟

اگر آپ نے ان میں سے کسی بھی سوال کا جواب ’ہاں‘ میں دیا ہے تو شاید آپ گھریلو اور عائلی تشدّد کا شکار ہیں۔

آپ کو حقوق حاصل ہیں۔ گھریلو اور عائلی تشدّد غیر قانونی ہے۔ قانون سب لوگوں کی حفاظت کرتا ہے جن میں ملک میں نئے آباد ہونے والے لوگ اور عارضی ویزوں پر موجود لوگ بھی شامل ہیں۔

مدد دستیاب ہے۔ ڈاکٹر یا کسی ہیلتھ ورکر سے بات کریں۔ چاہے آپ اپنا رشتہ برقرار رکھنے یا توڑنے کا فیصلہ کریں، وہ آپ کو سہارا دیں گے۔

براہ مہربانی اپنی زبان کا مفت انٹرپریٹر (مترجم) لینے کے لیے ہمیں بتائیں۔

مقامی کانٹیکٹ (Local contact)

سروس (Service):

فون نمبر (Phone):

دیگر مدد کے لیے کچھ 24 گھنٹے کھلی رہنے والی ہیلپ لائنز بھی دستیاب ہیں:

1800RESPECT	1800 737 732
NSW Domestic Violence Helpline (نیو ساؤتھ ویلز میں گھریلو تشدّد کے خلاف امدادی فون لائن)	1800 65 64 63
Lifeline Australia (خودکشی کی روک تھام)	13 11 14

اپنی زبان میں مدد کے لیے 131 450 پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس (TIS) کو کال کریں اور ہیلپ لائن سے بات کروانے کے لیے کہیں۔

ہنگامی صورتحال یا زندگی کو خطرے سے دوچار کرنے والی صورتحال میں 000 پر کال کریں۔

NSW GOVERNMENT

SHPN (MHCS) 230852-20